حضرت مہتمم صاحب دورہ صوابی

۲۸۔اکتوبر کو حضرت مولانا محمد طیب طاہری امیر اشاعت التوحید والسنہ کی دعوت پر سالانہ اجتماع میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ تشریف لے گئے اور تفصیلی خطاب فرمایا۔اس موقع پر اسپیکر صوبائی اسمبلی اسد قیصر، معروف تجزیہ کار میجر (ر) عامر، معروف صحافی سلیم صافی، وغیرہ بھی موجود تھے۔بعد میں دارالعلوم کے مفتی وشیخ الحدیث حضرت مولانا محمد فریدؒ کی یاد میں سالانہ اجتماع سے خطاب فرمایا، اجتماع میں ملک بھر سے حضرت مفتی صاحبؒ کے خلفاء و مریدین جمع سمیت دارالعلوم حقانیہ کے قدیم فضلاء اور علاقہ کے جید علماء کرام بھی موجود تھے۔

مغربی ریسرچ سکالر کی مولانا مدظلہ سے ملاقات

اکتوبر میں مغربی ریسرچ سکالر کم غناس نے حضرت مولانا مدظلہ سے انکی رہائشگاہ پر ان سے اسلام اور مغرب کے بارہ میں تفصیلی گفتگو وشنید کی ان کے ہمراہ بی بی سی اسلام آباد کے نمائندے ندائے نور ناصر بھی تھے۔

جمعیت علماء اسلام کی مجلس عاملہ کا اجلاس

۱۳ نومبر کو جمعیت علماء اسلام کی مرکزی مجلس عاملہ اور صوبوں کے امراء ونظماء کا اجلاس دارالعلوم حقانیہ میں منعقد ہوا جس کی صدارت حضرت مولانا سمیع الحق نے کی۔ اجلاس میں ملکی سیاسی صورت حال اور جاری بحران پر غور کیا گیا۔متحدہ مجلس عمل کی بحالی اور مذہبی سیاسی جماعتوں کے اتحاد کے حوالے سے لائحہ عمل طے کرنے کے لئے تفصیلی غور وحوض کیا گیا۔

فاٹا یوتھ قبائلی جرگہ کی دارالعلوم آمد

۱۸ نومبر فاٹا یوتھ قبائلی جرگہ کے مرکزی عہدہ داروں نے دارلعلوم میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کی، اور فاٹا کے مسئلہ پر حضرت مولانا مدظلہ کے مبنی برحق موقف اور تائید پر شکریہ ادا کیا، بعد میں ممبران وفد نے فرداً فرداً کے پی کے سے قبائل کے انضمام کے مسئلہ پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

اقراء روضۃ الاطفال کی جلسہ دستار بندی

۲ دسمبر کو کنڈر نوشہرہ میں اقراء روضۃ الاطفال کی تقریب دستار بندی وختم قرآن میں شرکت کی ،اور جدید تعلیم کی اہمیت کے ساتھ ساتھ قرآن فہمی پر تفصیلی خطاب فرمایا، اس موقع پر اقراء روضۃ لاطفال کے ذمہ داران بھی شریک تھے۔

۶ ۔دسمبر کو جمعیت کی شوریٰ کا اجلاس حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کی صدارت میں پشاور کے پردہ